Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

(نمبر ۲۹) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ جمادی الاول ۱۳۵۵ھ ہجری مطابق ۳۱ جولائی ۱۹۳۶ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	عطائے اختیارات افسر صیغہ بافسر صاحب جنگلات	۲
۲	روبکار بابت تشریف آوری اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم بتاریخ ۱ ستمبر ۱۹۳۶ء	″

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- (مسوری) واقع ۲۰ر جولائی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ افسر جنگلات کو اختیارات الٰہ صیغہ عطا کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

بدستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض — مدعا

جناب عالی

منشی عبد الغنی منسٹر گورنمنٹ باشندہ علاقہ غیر کا تقرر بمشاہرہ اصہ بعہدہ افسر جنگلات کونسل سے بتاریخ ۵ر جون ۱۹۳۶ء منظور ہو چکا ہے۔ حکم تقرر میں صراحت ہے کہ افسر صاحب جنگلات کسی مقامی امیدوار کو بھی جنگلات کے کام میں ٹرینڈ کرینگے

عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی استدعا ہے کہ سابق افسر جنگلات کو عـہ ماہانہ کی تنخواہ کے ملازم کے تقرر و برخاستگی وغیرہ اور عـہ تک کے مصارف کی منظوری کے اختیارات حاصل تھے وہی اختیارات موجودہ افسر کو عطا فرمائے جائیں تو مناسب ہے۔

ترجمہ: فدوی کو تجویز مذکورہ سے اتفاق ہے۔ اور مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم عطائے اختیارات شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترجمہ: بدستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۳ر جولائی ۱۹۳۶ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۰ر جولائی ۱۹۳۶ء

بدستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- (مسوری) واقع ۲۰ر جولائی ۱۹۳۶ء

ابد دولت و اقبال ۱ ستمبر ۱۹۳۶ء کو مراجعت فرمائے رامپور ہوں گے۔ ڈیرہ دون سے اسپیشل گیارہ بجے دن کے روانہ ہو کر چھ بجے شام تک رامپور پہونچے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل جملہ عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے ایک نقل درج گزٹ ہو

بدستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم